# پاؤں سن ہونے پر پڑھا جانے والا وظیفہ

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

پاؤں سُن ہوجائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرکے (آپ کا ذکر کرکے) آپ پر درود پاک پڑھا جائے۔

القول البدیع میں ہے:

أما الصلاة عليه عند خدر الرجل فرواه ابن السني من طريق الهيثم بن حنش وابن بشكوال من طريق أبي سعيد كنا عند ابن عمر رضي الله عنهما فخدرت رجله فقال له رجل أذكر أحب الناس إليك فقال: يا محمد صلى الله تعالى عليه وسلم، فكأنما نشط من عقار

**ترجمہ:**

پاؤں کے سُن ہوجانے پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرنے کے عمل کو امام ابن السنی نے ہیثم بن حنش کی سند سے اور امام ابن بشکوال نے ابوسعید کی سند سے نقل کیا ہے کہ: ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھے کہ ان کا پاؤں سُن ہوگیا۔ ایک شخص نے ان سے عرض کیا: لوگوں میں جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں، ان کا ذکر کیجیے۔ تو انہوں نے پکارا: یا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ (یہ کہتے ہی) وہ فوراً ایسے ٹھیک ہوگئے گویا کسی بندھن سے آزاد کردیئے گئے ہوں۔ (القول البدیع، صفحہ 225، مطبوعہ دار الریان للتراث)


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net